© rasailojaraid.com



ہاتھوں بے سکون ہو کر اسلام کے دامن فطرت میں پناہ لیتی ہیں۔ محترمہ نگہت عائشہ نے زیر نظر کتاب میں اسلام قبول کرنے والی ایسی ستر خواتین کے حالات و تاثرات کو مرتب کر کے پیش کیا ہے اور پونے چار سو صفحات پر مشتمل یہ مجلد کتاب ندوۃ المعارف ۱۳ کبیر سٹریٹ اردو بازار لاہور نے شائع کی ہے جس کی قیمت ڈیڑھ سو روپے ہے۔

## تاریخ انسانی کے پانچ دور اور ان کے تقاضے

معروف عالم دین حضرت مولانا عبد اللطیف مسعود نے زیر نظر کتاب میں انسانی زندگی کے مختلف ادوار یعنی عالم ارواح، بطن، دنیا، برزخ اور آخرت کے بارے میں قرآن وسنت اور اسلامی تاریخ کے حوالہ سے بہت سی مفید معلومات جمع کر دی ہیں اور عذاب قبر کے ثبوت پر قرآن وسنت کی روشنی میں سیر حاصل بحث کی ہے۔ کتاب کے صفحات دو سو چالیس ہیں، اسے جامعہ عربیہ تعلیم القرآن جامع مسجد وہاب ڈسکہ ضلع سیالکوٹ سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

## مولانا ظفر علی خانؒ کی آپ بیتی

مولانا ظفر علی خان مرحوم ہماری قومی تاریخ کی ایک اہم شخصیت ہیں جنہوں نے صحافت اور سیاست دونوں میدانوں میں برصغیر پاک و ہند کی آزادی اور ملی اقدار کے تحفظ کے لیے گراں قدر خدمات سرانجام دی ہیں۔ محترمہ رابعہ طارق نے زیر نظر کتابچہ میں مولانا مرحوم کی آپ بیتی کو مفید حواشی اور اچھی ترتیب کے ساتھ جمع کر دیا ہے اور ۲۳۲ صفحات پر مشتمل یہ کتاب خوبصورت ٹائٹل اور مضبوط جلد کے ساتھ ندوۃ المعارف ۱۳ کبیر سٹریٹ اردو بازار لاہور نے شائع کی ہے جس کی قیمت ایک سو بیس روپے ہے۔

## صبر و استقامت

حضرت الاستاذ المحدث عبد الفتاح ابو غدۃ رحمہ اللہ تعالیٰ نے "صفحات من صبر العلماء" کے نام سے امت کے چیدہ چیدہ اصحاب علم و دانش کی ان مشکلات اور صبر آزما تکالیف کا تذکرہ جمع کیا ہے جو انہیں علم کے حصول اور اس کی اشاعت و ترویج میں پیش آئیں اور انہیں ان ایثار پیشہ علماء و فضلاء نے انتہائی صبر واستقامت اور وقار و حوصلہ کے ساتھ برداشت کیا۔ مولانا عبد الستار سالم قاسمی نے اسے اردو کے قالب میں ڈھالا ہے اور ندوۃ العلماء ۱۳ کبیر سٹریٹ اردو بازار لاہور نے اس کی اشاعت کی سعادت حاصل کی ہے۔ صفحات دو سو کے قریب ہیں اور قیمت ۹۶ روپے ہے۔

## سیرت بانی دار العلوم

دار العلوم دیوبند کے بانی حجت الاسلام حضرت [illegible] کی سیرت و سوانح پر برصغیر کے ممتاز محقق، دانش ور اور عالم دین حضرت مولانا سید مناظر احسن گیلانیؒ کی کتاب "سوانح قاسمی" علمی حلقوں میں معروف ہے جو تین جلدوں میں ہے۔ اس کے علاوہ مولانا گیلانیؒ نے ۱۳۶۰ھ اور ۱۳۶۱ھ میں ماہنامہ "دار العلوم" دیوبند کے ابتدائی شماروں میں حضرت نانوتویؒ کی سوانح اور خدمات پر ایک مقالہ لکھا تھا جو چھ قسطوں میں شائع ہوا۔ مجلس یادگار گیلانیؒ ڈی ۴۸ گلی نمبر ۳ سیکٹر ۱/۲/۱۱ اورنگی ٹاؤن کراچی نے یہ مقالہ "سیرت بانی دار العلوم" کے نام سے شائع کیا ہے جو حضرت نانوتویؒ کی حیات و خدمات پر بیش بہا معلومات کا ذخیرہ ہے۔ اس کے صفحات ۱۳۰ اور قیمت ۸۰ روپے ہے۔

## عقیدۃ اہل الاسلام فی حیات عیسیٰ علیہ السلام

معروف محقق اور دانش ور مولانا حکیم محمود احمد ظفر نے زیر نظر کتابچہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیات، رفع آسمانی اور نزول کے بارے میں قرآن وسنت کی روشنی میں اہل اسلام کے اجماعی عقیدہ کی وضاحت کے ساتھ ساتھ اس سلسلہ میں قادیانیوں کے اعتراضات و شبہات کا تفصیل کے ساتھ جواب دیا ہے۔ اس کے صفحات ۱۵۰ ہیں، قیمت درج نہیں ہے اور اسے ادارہ معارف اسلامیہ مبارک پورہ سیالکوٹ سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

## کیا انجکشن سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

مولانا یحییٰ داد خوستی نے سولہ صفحات پر مشتمل اس مقالہ میں اس موقف پر دلائل پیش کیے ہیں کہ انجکشن لگوانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور جو حضرات انجکشن کو ناقض صوم نہیں سمجھتے ان کا موقف درست نہیں ہے۔ مقالہ نگار کے موقف سے اتفاق ضروری نہیں ہے البتہ ان کی کاوش قابل داد ہے۔ یہ مقالہ مکتبہ طیبہ شیخ آباد ضلع ژوب بلوچستان سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

## توراۃ وانجیل کی صحت کا محاکمہ

پاکستان میں "بائبل کورس" کے نام سے تورات وانجیل کے متعدد کورس چل رہے ہیں جن کے ذریعہ مسلمان نوجوانوں کو آسمانی تعلیمات کے مقدس عنوان کے ساتھ بائبل کی تعلیم دی جاتی ہے۔ محترم عبد الرشید ارشد آف جوہر آباد نے اس مقالہ میں موجودہ بائبل میں شامل تورات وانجیل کی مختلف کتابوں کی صحت کے بارے میں ایک تحقیقی جائزہ پیش کیا ہے اور بتایا ہے کہ بائبل کو موجودہ شکل میں تورات اور انجیل قرار دینا تحقیق و انصاف کے تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں ہے۔ ساٹھ صفحات پر مشتمل یہ مقالہ جوہر پریس بلڈنگ جوہر آباد ضلع خوشاب کے پتہ سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

(باقی صفحہ ۲۲ پر)

© rasailojaraid.com